


دھاندلی زدہ الیکشن کے مضمرات کے حوالے سے بانی چیئرمین تحریک انصاف

# عمران خان کا اڈیالہ جیل سے خصوصی پیغام

- ملک وقوم کی خدمت کی ایک پوری تاریخ رکھنے والے محبِ وطن شہری کے طور پر اپنے وطن کی صورتحال پر نہایت فکرمند اور تشویش میں مبتلا ہوں۔
- پاکستان کو جس جانب دھکیلا جا رہا ہے وہ سراسر تباہی اور بربادی کا راستہ ہے۔
- مقتدرہ اور عدلیہ میرے یا تحریک انصاف کے ساتھ نہیں، پاکستان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کر رہے ہیں۔
- اس کی سب سے بڑی اور فوری زَد پہلے سے کمزور معیشت اور آئی ایم ایف کے ساتھ ہمارے معاملات پر پڑے گی۔
- آئی ایم ایف سے تعاون کا وعدہ صاف شفاف انتخابات سے مشروط تھا۔
- قومی انتخابات ملک کو سیاسی و معاشی بحرانوں سے نکالنے کا بیش قیمت موقع ہے۔
- صاف شفاف انتخابات سے ملک میں اس سیاسی استحکام کا دروازہ کھلے گا جو معاشی استحکام و ترقی کیلئے ناگزیر ہے
- تحریک انصاف کے امیدواروں کی غیر قانونی پکڑ دھکڑ، ان سے کاغذاتِ نامزدگی چھین کر اور انہیں ہراساں کر کے ہمیں انتخاب سے باہر کرنے کی ظالمانہ کوششیں کی جا رہی ہیں۔
- وفاق کی علامت اور ملک کی مقبول ترین سیاسی جماعت کو جبراً انتخاب سے باہر کر کے سیاسی استحکام کو تباہ و برباد کرنے کی مجرمانہ کوششیں کی جا رہی ہیں۔
- سیاسی عدمِ استحکام کی موجودگی میں معاشی استحکام کی توقع ممکن نہیں جس سے آئی ایم ایف پروگرام کی کامیاب تکمیل کے مواقع کم سے کم تر ہوتے جائیں گے۔
- جمہوریت عوام کو ووٹ کی پرچی کے ذریعے اپنی رائے کے اظہار اور حکومت کے انتخاب کا موقع فراہم کرتی ہے۔
- پچھلے 20 ماہ کے دوران بنیادی آئینی حقوق کی بدترین پامالیوں، ناکام ترین حکومتوں کی تباہ کن معاشی و انتظامی پالیسیوں اور شہری و سیاسی آزادیوں کے سلب کئے جانے پر عوام شدید غم و غصے کی حالت میں ہیں۔
- آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار پر کامل یقین رکھنے والی جماعت کے طور پر تحریک انصاف نے عوام کے غصے کو پرامن سیاسی سرگرمیوں کے ذریعے دستوری طریقے سے سنبھالا اور ملک کو انتشار سے بچائے رکھا۔
- آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کے ذریعے عوام کو اپنے جذبات کے آئینی اظہار کا موقع نہ دیا گیا تو اس سے نہایت مہلک نتائج برآمد ہوں گے